صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 25 جون 2013ء بمطابق 15 شعبان 1434 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر چالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

فَأَقِمۡ وَجۡهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ فِطۡرَتَ ٱللَّهِ ٱلَّتِى فَطَرَ ٱلنَّاسَ عَلَيۡهَا ۚ لَا تَبۡدِيلَ لِخَلۡقِ ٱللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ ٱلدِّينُ ٱلۡقَيِّمُ وَلَـٰكِنَّ أَكۡثَرَ ٱلنَّاسِ لَا يَعۡلَمُونَ O مُنِيبِينَ إِلَيۡهِ وَٱتَّقُوهُ وَأَقِيمُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَلَا تَكُونُواْ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ O مِنَ ٱلَّذِينَ فَرَّقُواْ دِينَهُمۡ وَكَانُواْ شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزۡبِۭ بِمَا لَدَيۡهِمۡ فَرِحُونَ۔

(ترجمہ): سو تم یکسو ہو کر اپنا رخ اس دین کی طرف رکھو اللہ کی دی ہوئی قابلیت کا اتباع کرو جس پر اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو پیدا کیا ہے اللہ تعالیٰ کی اس پیدا کی ہوئی چیز کو جس پر اس نے تمام آدمیوں کو پیدا کیا ہے بدلنا نہ چاہیئے پس سیدھا دین یہی ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔ تم خدا کی طرف رجوع ہو کر فطرت الہٰیہ کا اتباع کرو اور اس سے ڈرو اور نماز کی پابندی کرو اور شرک کرنے والوں میں سے مت رہو۔ جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر لیا اور بہت سے گروہ ہو گئے ہر گروہ اپنے اس طریقہ پر نازاں ہے جو ان کے پاس ہے۔ و آخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: کچھ معزز اراکین کی طرف سے چھٹی کی درخواستیں آئی ہیں جن میں جناب راجہ فیصل زمان صاحب، ایم پی اے 2013-6-25 کیلئے، جناب ابرار حسین صاحب، وزیر ماحولیات 2013-6-25 تا 2013-06-27-یہ میں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں، منظور ہے جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!-----

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر!-----

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، موقع دیتے ہیں، بالکل آپ کو موقع دیتے ہیں۔ اسمبلی کی آج کے اجلاس کی کارروائی دیکھنے کیلئے ڈیرہ اسماعیل خان اور بنوں سے ہمارے کچھ صحافی بھائی آئے ہوئے ہیں، میں انہیں اپنی جانب اور ایوان کی جانب سے خوش آمدید کہتا ہوں۔ (تالیاں) جناب سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریہ سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب! ستاسو او د هاؤس په نوټس کښې دا ډیره ضروری خبره راوستل غواړم چې زمونږ فنانس بل وو او بیا د هغې سره تړلې حکومت اعلان کړے دے چې دا ریونیو اتھارټی چې ده هغه به دا حکومت جوړوی او دا ډیره زیاته عجیبه خبره ده چې فنانس بل یا هغه ریونیو اتھارټی چې ده، هغه هاؤس ته لا راغلې نه ده-----

جناب سپیکر: سردار صاحب! یو معذرت کوم، سبا چونکه دا په ایجنډا باندې ده نو که تاسو سبا په دې باندې-----

جناب سردار حسین: دا د ایجنډې نه سپیکر صاحب هټ کر یو خبره ده، دا ډیره اهمه خبره ده، زه خبره کوم بیا به ان شاء اللّٰہ تاسو، دا ډیره زیاته عجیبه خبره ده چې هغې کښې لا امنډمنټس مونږ Propose کړی دی، امنډمنټس چې دی هغه نه پاس شوی دی، نه فیل شوی دی او دا بیا ډیره زیاته عجیبه خبره ده چې د هغې پوستونو د پاره ایډورټائزمنټ په اخبار اتو کښې راغلے دے نو مونږ حیران په دې یو چې هغه ریونیو

اتھارټی چې په هغې کښې مونږ امنډمنټس کول غواړو، د هغې په کوالیفیکیشن کښې د هغه Applicants په عمر کښې، هغه امنډمنټس چې دی هغه به اسمبلۍ ته راځی هغه به ډسکس کیږی نو سپیکر صاحب دا څنګه خبره ده چې هغه څیزونه لا فائنل شوی نه دی او د هغې د پاره په اخبار اتو کښې ایډورټائزمنټ راغلے دے، هغه Applications چې دی د هغه Applicants نه غوښتلی شوی دی نو مونږ خو حیران په دې یو، دا خو واضحه ده او دا ډائریکټ د دې هاؤس چې کوم بزنس دے، هغه چیلنج کیږی نو مونږ خواست کوؤ دې حکومت ته چې د دې وضاحت اوکړی چې دا څنګه چل دے چې یو اتھارټی فائنل شوې لا نه ده او د هغې د فائنل کیدو نه مخکښې مخکښې Applications چې دی، هغه غوښتلی شوی دی او زما یقین دا دے چې دا د هاؤس ټول پروسیډنګز چې دے دا چیلنج شوے دے۔ مهربانی سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

جناب سراج الحق {سینئر وزیر (خزانہ)}: جناب سپیکر صاحب! جب تک یہ اسمبلی اس بل کو منظور نہ کرے، کسی اشتہار کی اور کسی اور کارروائی کی کوئی قانونی، Legal حیثیت نہیں ہے اس لئے کل اس پر بحث ہوگی اور جب اسمبلی اس کو پاس کرے گی تب ہی----

جناب سردار حسین: زما مطلب دا دے-----

جناب سپیکر: دې باندې-----

جناب سردار حسین: دا ایډورټائزمنټ چې دے دا حکومت ورکړے دے، پکار دا ده چې د هغې قانونی حیثیت نشته چې سراج الحق صاحب دا اعلان وکړی چې دا ایډورټائزمنټ چې دے، دا د ریونیو اتھارټی نه مخکښې راغلے دے لهذا هغه Null and void دے او هغه Cancelled دے، هغوی د دلته نه اعلان وکړی۔

جناب سپیکر: جناب سراج الحق صاحب۔

سینئر وزیر (خزانہ): اس کو چیک کرینگے اگر ایسا ہے تو ایسا ہی ہوگا لیکن میں پھر کہنا چاہتا ہوں کہ اسمبلی کی یہ پراپرٹی ہے، جب تک کہ اس کو منظور

کرے یا مسترد کر لے یہ اسمبلی کا حق ہے اور جب اسمبلی اس کے حق میں ہو اس کے بعد دیگر پر اسیس ہوگا۔۔۔۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب!۔۔۔۔

جناب سپیکر: یو منټ جی، سردار صاحب! زه به لاء منسټر ته ریکویسټ وکړم چې په دې باندې کمنټس وکړی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور (وزیر قانون): سر! اس ایشو کے متعلق؟

جناب سپیکر: ہاں یہ ریونیو اتھارٹی۔

وزیر قانون: سر! ریونیو اتھارٹی کے متعلق تو جہاں تک اخبارات میں آرہا ہے، وہ میری نظر سے بھی گزرا ہے جیسا کہ سردار حسین صاحب بات کر رہے ہیں، انہوں نے بھی یقیناً دیکھا ہوگا اور اس کے متعلق سر کیبنٹ میں بھی بات ہوئی تھی اور اس کے متعلق یقیناً کچھ Apprehensions ہیں۔ میں سر یہ سمجھتا ہوں کہ جیسا کہ اخبارات میں آیا ہے اور اگر واقعی کوئی ایڈورٹائز منٹ ہے تو میرے خیال میں اگر کوئی ایسا اشتہار واقعی نکلا ہے اور اس میں ایڈورٹائز منٹ ہے تو اس اسمبلی کی ایک حیثیت ہے اور ہم ان شاء اللہ اس کو ربڑ سٹیمپ نہیں بننے دینگے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو ایم پی اے صاحب نے فلور پر یہ مسئلہ اٹھایا ہے، یقیناً یہ اگر کوئی اشتہار Exist کرتا ہے تو اس کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے۔

جناب سپیکر: Okay، بس جواب دیدیا، ابھی ہم تھوڑا اس کی طرف جاتے ہیں، سردار صاحب! میں تھوڑا عرض کرونگا۔۔۔۔

جناب سردار حسین: سپیکر صاحب! دا وګورئ جی په دې باندې څلور کالمه یو خبر راغلے دے او دا زما په لاس کښې اشتهار دے۔ د هغې نه پس هم که وزیران صاحبان دا خبره کوی چې که چرې دا سې وی نو خو دا سې ده، زما یقین دا دے چې وزیران صاحبان د اعلان وکړی چې دا اشتهار چې دے، دا Cancelled دے هغه اتهارټی چې د لته نه وشی نو هغې نه پس به خبره کیږی۔

جناب سپیکر: یو منټ، زمونږ چې۔۔۔۔

جناب شوکت علی یوسفزئی(وزیر صحت): جناب سپیکر! د اسمبلئ د وقار او تاسو چې کوم پوائنټ اوچت کړے دے د هغې پوره پوره احترام اوشو که دا وی، هر چا چې ور کړے وی-----

(شور)

رکن: دا دے۔

وزیر صحت: ګوره Clearcut message دے ، دا به Null and void وی، دې نه نور زیات څه کیدے شی؟

(تالیاں)

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر!-----

جناب سپیکر: ابھی روٹین بزنس کی طرف، دیکھو جی، ہمارے پاس بہت بڑا ایجنڈا ہے، Kindly آپ بات اس کے بعد کر لینگے، ایجنڈے پر میں جاتا ہوں آگے۔ The honourable Minister for Revenue, Khyber Pakhtunkhwa, to please move his Demand No. 6.

جناب محمد عصمت اللہ: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: مولانا صاحب! موقع دینگے۔

جناب محمد عصمت اللہ: سپیکر صاحب! آخر میری-----

جناب سپیکر: میری ریکویسٹ ہے مولانا صاحب سے، میری ریکویسٹ ہے-----

جناب محمد عصمت اللہ: سپیکر صاحب! میں یہ-----

جناب سپیکر: ریکویسٹ ہے آپ کو، آپ کو موقع ملے گا، بار بار آپ کو موقع ملے گا، تھوڑا یہ اب بزنس ہے، وہ چلنے دیں-----

جناب محمد عصمت اللہ: میں صرف یہ وضاحت کرتا ہوں-----

(شور)

سالانہ مطالبات زر پر بحث اور رائے شماری

Mr. Speaker: Minister for Revenue, please.

جناب علی امین خان(وزیر مال): بسم اللہ الرحمان الرحیم۔میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 3 ارب 50 کروڑ 28 لاکھ 97 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے دوران محکمہ مال گزاری و املاک کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that a sum not exceeding Rs. 3 billion 50 crore 28 lac 97 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Revenue and Estate Department.

'Cut motions on Demand No. 6': Arbab Akbar Hayat Khan, to please move his cut motion on Demand No. 6.

ارباب اکبر حیات: د گیارہ سو روپو کٹ موشن تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees eleven hundred only. Madam Amna Sardar, to please move her cut motion on Demand No. 6

محترمہ آمنہ سردار: شکریہ جناب سپیکر۔میں نو ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں، شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion before the House that the total grant may be reduced by rupees nine thousand only. Madam Ruqia Hina, to please move her cut motion on Demand No. 6.

محترمہ رقیہ حنا: جناب سپیکر! میں آٹھ ہزار روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees eight thousand only. Muhammad Reshad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! میں نو سو ننانوے روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees nine hundred and ninety nine only. Sardar Mehtab Ahmad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 6. Not present, it lapses. Syed Jafar Shah, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر! زہ د لس زرو روپو د کٹ موشن تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten thousand only. Sardar Aurangzeb Nalotha, to please move his cut motion on Demand No. 6.

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر! میں دو لاکھ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two lac only. Mr. Shah Hussain, to please move his cut motion on Demand No. 6. Not present, it lapses. Madam Sobia Shahid, to please move her cut motion on Demand No. 6. Not present, it lapses. Mr. Saleh Muhammad, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! میں ایک لاکھ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Madam Uzma Khan, to please move her cut motion on Demand No. 6.

محترمہ عظمیٰ خان: تھینک یو مسٹر سپیکر۔میں دو سو روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two hundred only. Mr. Askar Parvez, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب عسکر پرویز: جناب سپیکر! میں پانچ ہزار روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that total grant may be reduced by rupees five thousand only. Mr. Salim Khan, to please move his cut motion on Demand No. 6. Not present it lapeses. Mr. Ghulam Muhammad, to please move his cut motion on Demand No. 6. Not present it lapeses. Mr. Abdul Sattar Khan, to please move his cut motion on Demand No. 6.

Mr. Abdul Sattar Khan: I beg to move a cut of ten million on Demand No. 6.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by ten million only. Mr Munawar Khan Advocate, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب منور خان ایڈوکیٹ: تھینک یو سر۔ ایک لاکھ روپے کی کٹ موشن کی تحریک موؤ کرتا ہوں سر۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one lac only. Mr Muhammad Asmatullah, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر، میں ڈیمانڈ نمبر 6 پر پانچ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that total grant may be reduced by rupees five only. Maulana Mufti Fazl - e - Ghafoor, to please move his cut motion on Demand No. 6.

مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر صاحب! میں ڈیمانڈ نمبر 6 پر ایک سو اسی روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں، شکریہ۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees one hundred and eighty only. Mian Zia - ur - Rehman, to please move his cut motion on Demand No. 6. Not present it lapeses. Muhammad Sheraz, to please move his cut motion on Demand No. 6.

جناب محمد شیراز: جناب سپیکر! میں ڈیمانڈ نمبر 6 پر دو لاکھ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees two lac only. Nawabzada Wali Muhammad Khan, to please move his cut motion on Demand No. 6.

نوابزادہ ولی محمد خان: میں تین ہزار روپے کی کٹ موشن پیش کر رہا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees three thousand only. Madam Nighat

Yasmeen Orakzai, to please move her cut motion on Demand No. 6.

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! سات کروڑ روپے کٹوتی کی تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that total grant may be reduced by rupees seven crore only. Mr. Wajeeh - u - Zaman, to please move his cut motion on Demand No. 6. Not present, it lapses. Arbab Akbar Hayat Khan.

ارباب اکبر حیات: جناب سپیکر صاحب! چونکه دا محکمه د پټواریانو سره ډیر تعلق ساتی او د دې نه هریو وتلے کاغذ د ستخط شوے د چا د زندګئ او د مرګ سبب جوړیدے شی ځکه چې دا یوه زوآوره مافیا ده۔ جناب سپیکر صاحب، زه غواړم وزیر اعلیٰ صاحب په خپل تقریر کښې دا وئیلی وو چې ان شاء اللّٰه مونږ به زر دا نظام کمپیوټرائزډ کوؤ نو زه دا پښتنه کوم چې په هغې باندې څومره کار شوے دے او آیا دا به مرحله وار وی او که نه غونډه د KPK په سطح به وی؟ جناب سپیکر، د دې نه پس زمونږ د پټواریانو چې کوم نظام دے او مونږ دا کمپیوټرائزډ کړو نو آیا دې له به مونږ Trained پټواریان Hire کوؤ او دا چې کوم دی نو دا به فارغ کوؤ او که نه د وئ له به مونږ ټریننګ ورکوؤ؟ نو په دې باندې د جی مونږ وزیر اعلیٰ صاحب پوهه کړی۔

جناب سپیکر: میڈم آمنہ سردار-----

(قطع کلامیاں)

محترمہ آمنہ سردار: جی شکریہ جناب سپیکر۔ پہلے تو میں-----

جناب سپیکر: آخر میں آپ جواب دیدیں گے نا، آخر میں آپ نوٹ-----

محترمہ آمنہ سردار: سب سے پہلے تو اس بات کی تائید کرنا چاہونگی کہ یہ گورنمنٹ جو ایک Step لے رہی ہے کمپیوٹرائزڈ کرنے کا، یہ ایک بہت احسن عمل ہوگا اگر یہ صحیح طریقے سے ہو جاتا ہے تو، لیکن اس سے پہلے جب تک

یہ کمپیوٹرائزیشن نہیں ہوتی، اس سے پہلے ایک پٹواری تک ایک عام شخص کی رسائی کو آسان بنایا جائے اور اس کیلئے جی میری یہ ہوگی کہ Honest DROs ہونے چاہئیں اور Favoritism should be discouraged ji اور Political intervention جو ہے، یہ بہت زیادہ ہوتی ہے اور ان چیزوں کا تھوڑا سا خیال رکھنا چاہیئے۔تھینک یو جی۔

جناب سپیکر: میڈم رقیہ حنا۔

محترمہ رقیہ حنا: جناب سپیکر، میں Withdraw کرتی ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: محمد رشاد خان۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر! اگر دیکھا جائے تو ایک عام آدمی کا واسطہ پوری زندگی میں جن محکموں سے پڑتا ہے، ان میں ایک محکمہ یہ ہے اور کٹ موشن کی تحریک پیش کرنے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ اگر زمیندار ہے، اگر کسی شحص کو اپنی زمین کا سرٹیفیکیٹ لینا پڑتا ہے، میرے خیال سے کھتونی کہتے ہیں اسے، وہ لینا پڑتی ہے تو اس کیلئے اس کو پہلے Payment کرنا ہوتی ہے۔ اگر کسی شخص کی حدبراری کیلئے پٹواری کو لے جانا پڑتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ کرایہ دو، میں دن کو یہاں سے نکلونگا اور وہاں جاؤنگا، یہ دن کا ٹائم میرا ضائع ہورہا ہے، اس کیلئے پیسے دو۔ اگر ڈومیسائل، ڈومیسائل تو اس محکمے سے ہٹا دینا چاہیئے، ان کا جو کام ہے، اس محکمے کو یہ کام کرنا چاہیئے، ایک بندہ جائیگا ڈومیسائل کیلئے اور کن مراحل سے اسے گزرنا پڑتا ہے؟ تو یہ قابل افسوس چیزیں ہیں، ہر لیول پر پٹواری سے لیکر SMBR لیول تک کرپشن کی جڑیں پھیلی ہوئی ہیں۔ زمین کی مالیت اگر کسی کسٹمر کو زمین کی مالیت کا اندازہ لگانا ہے، کروڑوں کی مالیت کی زمین ہوگی اور اسے ہزاروں روپوں میں ظاہر کیا جائیگا، یہ نہیں کہ اس محکمے کو جو فائدہ ہورہا ہے، جس میں ریونیو ٹیکس آرہا ہے، اگر زمین کی خرید و فروخت ہورہی ہے تو حکومت کے لیول پر دیکھنا چاہیئے کہ زمین کی اصل مالیت کیا ہے؟ لیکن وہ کسٹمر کے کہنے پر کروڑوں کی زمین ہزاروں میں ثابت کردی جائیگی کہ کم سے کم اس کو ٹیکس Pay کرنا پڑے۔تو میری منسٹر صاحب سے یہ درخواست ہوگی کہ ایسی چیزوں کو وہ سنجیدگی سے دیکھیں، کمپیوٹرائزڈ سسٹم اچھی بات ہے،

میرے خیال سے پورے صوبے میں، کم از کم ہر ڈسٹرکٹ میں تحصیل لیول پر اس کی ابتداء کرنی چاہیئے نہ کہ ایک ڈسٹرکٹ سے، اور میری یہ درخواست ہوگی کہ اس محکمہ کو، ماضی میں وقار ایوب صاحب اس محکمے کے SMBR رہے ہیں، تو ایسے سیکرٹری کی ضرورت ہوگی۔ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: شکریہ جناب سپیکر۔ د پټواریانو به څه وایو جی، هر چا ته پته ده چې دې محکمې کښې د پټواری څومره Role دے او دا پټوار مافیا څومره مضبوطه ده؟ دیکښې جی چې څنګه او وئیلی شو چې د دې Capacity building د پاره د دې محکمې او دیکښې Transparency ensure کولو د پاره آیا د حکومت سره څه پلان اوس شته چې هغه به Gradual کیږی که نه هغه به یکمشت دوئ په ټوله صوبه هغه Apply کوی او په کوم انداز به ئے Apply کوی؟ دا کوم فیسونه چې د ګورنمنټ د طرف نه مقرر دی، هغه خو دی خو د ګورنمنټ فیس اخستو سره Ten times more چې پټواری ته ورکړې کیږی نو هغه خبره کیږی نه، چې د هغې د پاره کوم اقدامات شوی دی؟ دا به پکښې وضاحت وکړی راته۔ مهربانی جی۔

جناب سپیکر: سردار اورنگزیب نلوٹھا۔

سردار اورنگزیب نلوٹھا: جناب سپیکر صاحب! میں کٹ موشن کی تحریک بھی واپس لیتاہوں اور ایک جو میرے حلقے میں خصوصی طور پر پچھلی حکومت نے ڈسٹرکٹ ایبٹ آباد میں کمپیوٹرائزڈ سسٹم شروع کیا تھا اور میرے حلقے حویلیاں سے وہ شروع ہوا ہے تو وہاں پر جو ایس او صاحب نے تحصیلدار صاحب تعینات کیا ہے، اس نے نگران دور میں کوئی 20/22 آدمی وہاں بھرتی کئے ہیں بغیر ایڈورٹائز کرنے کے اور نگران دور میں اس نے ایسا چھکا مارا ہے کہ حق تو ان لوگوں کا تھا جو مقامی، خصوصاً حویلیاں کے لوگوں کا حق تھا، دوسرے ضلعوں سے لوگوں کو اس نے بھرتی کر دیا ہے تو میں منسٹر صاحب سے یہ توقع رکھونگا کہ وہ اس کے اوپر نوٹس لینگے کیونکہ ایڈورٹائزمنٹ کے بغیر، اشتہار دئیے بغیر اور میرٹ کے اوپر ان لوگوں کو ملازمتیں دینا چاہیئے تھیں اور دوسرے ضلعوں کا حق نہیں تھا بلکہ مقامی لوگوں کا حق تھا، تو اسکے

اوپر آپ مہربانی کرکے نوٹس لیں اور ساتھ ہی میں اپنی کٹ موشن کی تحریک بھی واپس لینا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: منسٹر صاحب! آپ آخرمیں جواب دینگے۔ اچھا چیف منسٹر صاحب۔

جناب پرویز خٹک(وزیر اعلیٰ): یہ جو میرے بھائی نے بات کی ہے کہ یہ بھرتیاں جو ہورہی ہیں، Last cabinet meeting میں میں نے فیصلہ کیا کہ جتنی بھرتیاں، جب سے ہم نے یہ اوتھ لیا ہے، اس کا ریکارڈ منگوائیں، اگر وہ صحیح بھرتی ہوئے ہیں تو ٹھیک ہے، اگر وہ بغیر ایڈورٹائزمنٹ اور یا طریقہ غلط ہوا ہو تو اس کے خلاف ہم ایکشن لینگے اور باقی جتنی پوسٹیں ہیں تو وہ سارے ڈیپارٹمنٹس سے میں نے مانگی ہوئی ہیں تو ان شاءاللہ تعالیٰ یہ صاف ستھرے نظام کے تحت ان شاءاللہ بھرتیاں ہونگی اور جو غلط ہوئی ہیں ان کے خلاف ہم ایکشن لینگے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: مسٹر صالح محمد۔

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! کٹ موشن واپس لینے کے ساتھ ساتھ صرف وزیر مال صاحب سے درخواست کرتے ہیں کہ جو CVT کی مد میں جتنا ٹیکس لیا جاتا ہے، رولز کی وضاحت ہو ریونیو کے حوالے سے کیونکہ پٹوارخانوں میں جو کچھ ہورہا ہے، اس سے لوگ کافی تنگ آچکے ہیں۔کئی لوگوں کو بلیک میل کرکے CVT کی صورت میں ان سے ڈبل پیسے لیے جاتے ہیں اور باقی ریونیو کے حوالے جتنا ٹیکس ہوتا ہے، اس ٹیکس(کے حوالے سے) میں درخواست کرتا ہوں کہ ہر پٹوارخانے کے سامنے ایک بینر آویزاں کیا جائے، اس پر پورا ٹیکس لکھا جائے اور اس چیز کا پابند کیا جائے کہ پتہ ہو کہ میں نے کتنا ٹیکس دینا ہے؟ بہت شکریہ۔

جناب سپیکر: میڈم عظمیٰ خان۔

محترمہ عظمیٰ خان: جناب سپیکر! ریونیو ایک Important department ہے، مجھے اتنی تسلی دیدی جائے کہ اس ڈیپارٹمنٹ کو پچھلی حکومت کی طرح فٹ بال نہیں بنایا جائیگا۔ جناب سپیکر، پچھلے پانچ سالوں میں یقیناً اس کے چھ

منسٹر Change ہو گئے تھے اور یہ ایک Pre - planned منصوبے کے تحت ہوئے تھے کہ سال بعد منسٹری دوسرے کو ٹرانسفر ہو گی، تو Kindly اگر اس سال اس ریونیو کے ساتھ یہی مذاق کیا جارہا ہے تو میں کٹ موشن واپس نہیں لے سکتی، اگر آپ یقین دہانی کراتے ہیں تو میں اپنی کٹ موشن واپس لے لیتی ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> مسٹر عسکر پرویز۔

<u>جناب عسکر پرویز:</u> جناب سپیکر! اس محکمے کی کرپشن کی وجہ سے عوام کو بہت تکالیف ہیں اور اس محکمے میں بہت سی ریفارمز کی بھی باتیں کی گئی ہیں، میں منسٹر صاحب سے گزارش کرونگا کہ جو کمپیوٹرائزیشن ہے، وہ صوبائی لیول پر اگر اکٹھی ہو جائے تو وہ زیادہ بہتر ہو گا کیونکہ اس سے کہیں Parallel system قائم ہو جائے گا، کہیں پر کمپیوٹرائزڈ سسٹم ہو گا کہیں پہ وہی پرانا سسٹم ہو گا، تو اس سے لوگوں کی تکالیف میرا خیال ہے زیادہ ہو جائیں گی، تو اگر منسٹر صاحب اس پہ تھوڑا سا خیال کر لیں تو باقی میں اپنی کٹ موشن کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> Withdrawn۔مسٹر عبدالستار خان۔

<u>جناب عبدالستار خان:</u> سر، یہ ریونیو اینڈ اسٹیٹ پہ کٹ موشن میں نے لائی ہے۔ چونکہ ہمارا ضلع جو ہے، وہ Non settlement اس میں آتا ہے، باقی پورے صوبے میں جب بھی بجٹ پیش ہوتا ہے تو کٹ موشنز پہ ہمارے ساتھی صرف ایک پٹواری کو Focus کرتے ہیں، یقیناً پریشانی ہو گی عوام کو بھی، ہم سب کو علم ہے لیکن سر، ایک بات جو میں نے اس Book میں دیکھی ہے کہ اس مد میں جو آپ ان کو اخراجات دے رہے ہیں، ہر کمشنر آفس کے جو اخراجات ہیں، تین کروڑ روپے سے کم نہیں ہیں۔ ہر ڈپٹی کمشنر جو میں نے پورے صوبے کی وہ کی ہے، پانچ کروڑ، دس کروڑ اور تین کروڑ سے کم کوئی بھی وہ اخراجات اس میں نہیں ہیں، تو اس چیز کو بھی دیکھا جائے اور دوسری Genuine ایک بات سر جو میں اپنے ضلع کے حوالے سے کروں گا کہ جب ہم یہاں پراونشل لیول پہ میٹنگ کرتے ہیں، خصوصاً یہ بھاشا ڈیم کی زمین کی آج کل Acquisition ہو رہی ہے، وہاں پہ گلگت بلتستان کی جو زمینیں ہیں، ریونیو ڈیپارٹمنٹ نے قوم

کے ساتھ بیٹھ کر، نمائندوں کیساتھ بیٹھ کر، چونکہ Acquiring department واپڈا ہے، پیسے مرکز نے دینے ہیں، تو انہوں نے جو زمینوں کی Genuine اصل قیمت ہے، اس بنیاد پہ انہوں نے ان کے ساتھ Agreements کئے ہیں۔ جب ہم بلاتے ہیں تو ہمارے ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے جو لوگ ہیں، اس میں ہمیں پریشانی پیش رہی ہے کہ وہ کوئی ایسا Precedent قائم کرنا چاہتے ہیں جس کی بنیاد پہ ہمارے لوگوں کو زمین کی قیمت، اگر چار لاکھ روپے گلگت والے لگا رہے ہیں تو ہماری زمین کی قیمت وہ ایک لاکھ روپے، 47 ہزار روپے، 67 ہزار روپے لگاتے ہیں، تو میں نے اس سے Disagree بھی کیا اور یہ ایک Precedent بنے گا، ہزاروں کنال زمین ہمارے صوبے کی جائے گی مفت میں، چونکہ پیسے آتے ہیں واپڈا سے یا فیڈرل گورنمنٹ سے، تو یہ Genuine بات جو میرے ضلع کے حوالے سے پیش آرہی تھی، لہذا میں گزارش کرونگا کہ اس میں آپ، کیونکہ Non settlement area ہے، اس مسئلے کو بھی حل کر لیں۔ دوسرا سر، مجھے اس موقع کو Use نہیں کرنا چاہیئے لیکن پھر بھی آج چونکہ اس حوالے سے بات ہے، ہربن بھاشا کے لوگ، جہاں پہ بھاشا ڈیم بن رہا ہے، وہ داسو سے بہت دور ہیں، معمولی انتقالات کیلئے اس ڈیم کے حوالے سے بھی بات ہوتی ہے تو ان کو داسو آنا بہت مشکل ہے، تو ہربن بھاشا، سازین، شتیال، شڑی نالہ، سمر نالہ، یہ بہت بڑا ایریا ہے، ان لوگوں کی ایک ڈیمانڈ ہے، وہ کہتے ہیں کہ ہمارے لئے ایک تحصیل بنے تاکہ ہم بھاشا میں بیٹھ کر وہاں اپنے یہ آنے والے جو معاملات اس نئے ڈیم کے حوالے سے، زمینوں کے حوالے سے ہیں، وہ کریں۔ تو یہ ڈیمانڈ میں اپنی قوم کی آپ کے سامنے رکھتا ہوں۔ جناب وزیر اعلیٰ صاحب کی توجہ بھی میں چاہوں گا اس میں کہ ان علاقوں پر مشتمل ایک تحصیل کا قیام ہو تو ان کیلئے ایک سہولت ہوگی اور ان کی ڈیمانڈ ہے اور اس کے ساتھ میں نے جو باتیں کی ہیں، اس پر میرے خیال میں وزیر صاحب عمل بھی کریں گے۔ میں ابھی اپنی کٹ موشن واپس کرتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> Withdrawn۔ مسٹر منور خان ایڈوکیٹ، پلیز۔

<u>جناب منور خان ایڈوکیٹ:</u> تھینک یو سر۔ سر، یہ پنجاب ہے، سندھ ہے، مرکز ہے، ہر طرف سے بس یہی آواز آرہی ہے کہ پٹواری، پٹواری، ہمیں سمجھ نہیں

آرہی کہ ایک پٹواری اتنا طاقتور ہوگیا لیکن میں اپنے منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ پٹواریوں کو چھوڑیں، بس صرف ایک ہی کام کریں اپنے Tenure میں کہ اس کو کمپیوٹرائزڈ کریں، یہ آپ کی سب سے بڑی کامیابی ہوگی(تالیاں) کیونکہ پٹواریوں سے میرے خیال میں یہاں پہ جتنے بھی ایم پی ایز بیٹھے ہیں، سارے بیزار ہیں اور یہ اتنے Approachable بھی ہیں کہ میرے خیال میں اس وقت سارے ایم پی ایز ان کی جیبوں میں پٹواری کے ٹرانسفرز کیلئے نام اور لسٹیں ہونگیں تو میں، (مداخلت) ہوجائے گی، آپ پریشان نہ ہوں ان شاءاللہ، تو میں منسٹر صاحب سے اگر اب یہ ریکویسٹ کروں کہ بس صرف اس کو کمپیوٹرائزڈ کریں اور اسی کے ساتھ میں اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں سر۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> Withdrawn۔مسٹر محمد عصمت اللہ۔

<u>جناب محمد عصمت اللہ:</u> شکریہ جناب سپیکر۔جس محکمے کی کارکردگی کے اوپر بات ہورہی ہے، وہ حقیقت میں ایک ایسا محکمہ ہے کہ جس سے کافی سارے لوگ نالاں ہیں۔جناب سپیکر! اصل میں بنیادی بات یہ ہے اور یہ یہاں تک ہے کہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی راستے پہ جارہا تھا، پٹواری تھا، تو ایک کتا اس کو، نو یو سپی ورته غپیدو جی، نو هغه پټواری ورته وائی___ کاش چې ستا یو کنال زمکه وے نو ما به د رته ښودلی وو چې ته ما ته ځنګه غاپې؟ (قہقہے)   او جناب سپیکر! دې سره، د دې محکمې ناقص کارکردګئ سره په امن و امان باندې هم ډیر لوئے اثر پریوځی، په عدالتونو باندې هم ډیر لوئے بوجهـ دے جی، خلق د خپل شته سرمایې نه هم لاړو، عدالتونو باندې هم بوجهـ دے او دې د پاره وائی داسې جی چې چا وئیلی دی___ جب تک تھانیدار گرم نہ ہو اور پٹواری بے شرم نہ ہو اور دکاندار نرم نہ ہو تو امن و امان قائم نہیں رہ سکتا(قہقہے اور تالیاں)   لیکن جناب والا، یہاں اس کرپشن اور محکمہ مال کی ناقص کارگزاری پر جب ہم بات کرتے ہیں تو ہم دوسری سائڈ کو بھی نظر انداز نہیں کرسکتے، وہ اس طرح کہ جناب رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ **"الراشی والمرتشی کلاهما فی النار"** رشوت دینے والا

اور رشوت لینے والا دونوں جہنمی ہیں۔یہاں پہ ہم صرف ایک سائڈ پہ بات کرتے ہیں کہ یہ لیتے کیوں ہیں تو جب تک ہم دینا نہیں چھوڑیں گے تو وہ لینا نہیں چھوڑیں گے اور جناب والا! اس کے بارے میں، سراج صاحب موجود ہیں، اس محکمے کا میں چونکہ منسٹر بھی رہ چکا ہوں، (اوہو، اوہو اور تالیاں) سراج صاحب نے مجھے، بجٹ سے پہلے میٹنگ تھی، کہا: مولانا صاحب! زمونږ خو دا خیال وو چې ته به دې محکمې نه کرپشن ختموې خو زمونږ هغه کوم چې توقعات وو هغه پوره نه شو، نو ما ورته اووئیل سراج صاحب! یو محکمه تا سره وه چې هغې ته بینک آف خیبر وائی او یو محکمه ما سره وه چې هغې ته محکمه مال وائی او د هغې اهلکاران زیاده تر پټواریان دی، نو کوم مراعات چې ته بینک آف خیبر ملازمین له ورکوې او د دې وجه نه ورکوې چې دوئ سره د قوم خزانه ده نو دوئ سره کومې اثاثې چې دی نو هغه د خیبر بینک د خزانې نه خو څه کم قیمت نه لری، نو د دې دا مطلب دے چې ته پیشورې هم ساتې او هغې په غاړه کښې ته وازګه هم اچوې او دا هم وائې چې دا به خوری نه، نو دا به زه څنګه منع کوم؟ (قہقہے اور تالیاں) نو لهذا خبره دا ده جی چې په دې باندی غور پکار دے او انتهائی سنجیدګئ سره غور پکار دے او دا کمپیوټرائزډ خبرې کیږی جی، دا خو زمونږ په وخت کښې هم اووئیلی شو چې مونږ دا کمپیوټرائزډ کولے شو او بیا مونږ یو مباحثه کښې بیا په دې باندې کوشش اوکړو بیا وائی دلته دا کیږی نه، څه پکښې نوی اصطلاحات دی او دا په هندوستان کښې کمپیوټرائزډ شوے دے، مونږ هلته اولیږئ۔ مونږ هلته اولیږل، بیا مونږ هغوی ته اووئیل چې دې ځائے کښې پیښور کښې یو ټکړه وې چې مونږ دا به د یو نمونې، ماډل په شکل باندې اخلو، نو لهذا دا خبرې خو ډیرې زیاتې دی جی لیکن په دې باندې سنجیدګئ سره غور پکار دے او ورسره ورسره اخر کښې زه به یو عرض کوم چې د غه محکمه مال کښې چې کله د ناګهانی آفات د وجه نه یا مطلب دا سې حالاتو کښې چې کوم خلق وفات کیږی او یا وژلی کیږی نو په دیکښې عام طور باندې هغه لږ زیات چې کوم د معاوضې حکومت امدادی طور باندې ورته اعلان کوی نو په دیکښې فرق وی جی، او دې سره نور څه نه کیږی خو لیکن د غه فرق باندې مخکښې نه هغه انسان دا تصور کوی چې زما قیمت ئے کم اولګولو یا زما د رشته دار قیمت ئے کم اولګولو او د بل هغه ئے زیات اولګولو، نو لهذا پنجاب

کبنې پانچ لاکھ ورکوی او دلته کبنې چې زمونږ خوښه شی نو مونږ هلته کبنې تین لاکھ ورکوؤ او چا ته چې ډیره خوښه نشی نو هغوی ته یو لاکھ روپئ ورکوؤ نو لهذا زما به دا درخواست وی، چونکه انسانیت ټول یو شان دے، په دیکبنې دا سې تفاوت نشته، هغې باندې هغوی ته څه جنت نه جوړیږی، نو لهذا کم از کم حکومت د دا تفاوت ختم کړی چې څومره کسانو ته په دغې کبنې دوئ امداد ورکوی او د امداد مستحق کیږی نو هغوی د پاره د یو شان ورکړی او اخر کبنې به دا عرض کوم جی چې دغه محکمه کبنې د ټریننګ نه وروستو دا بهرتی کیږی جی او کوهستان چونکه ډیر دور افتاده علاقه ده، ناګهانی آفات چې کله راځی نو هغه ځائے نه شروع کیږی، هغه بندوبستی علاقه نه ده لیکن کم از کم چې یونین کونسل په سر د یو یو پټواری بندوبست اوکړلے شی۔

<u>جناب سپیکر</u>: واپس واخستو؟

<u>جناب محمد عصمت اللہ</u>: واپس دے، واپس دے۔

<u>Mr Speaker</u>: Okay, withdrawn.

(Applause)

<u>جناب سپیکر</u>: مولانا مفتی فضل غفور صاحب۔

<u>مولانا مفتی فضل غفور</u>: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریه جناب سپیکر۔ د ریونیو اینډ اسټیټ ډیپارټمنټ د کټ موشن په حواله باندې لکه څه رنګ چې معزز اراکین اسمبلی په دغه حواله د خپلو تحفظاتو اظهار اوکړو نو یقیناً زمونږ په معاشره کبنې چې خلق د کومو روایاتو نه، د کومو خبرو نه تنګ وو او د Change یا د تبدیلئ یو فیصله ئے کړې ده نو په هغې کبنې یو محکمه چې د هغې اثر په پبلک او په عامو خلقو باندې دے، هغه هم دغه محکمه د ریونیو اینډ اسټیټ ډیپارټمنټ ده۔ په دیکبنې د ټولو نه یو غلط روایت هغه دا راروان دے چې د ډسټرکټ ګورنمنټ چې کوم فنډ د انتقال فیس په شکل کبنې پټواری حضرات وصولوی نو سرکاری ریټ د هغې چار فیصد دے او دوئ ورله خپل یو Traditional rate یو روایتی ریټ مقرر کړے دے چې هغه پانچ فیصد دوئ اخلی او برسرعام ئے اخلی او د دې سره سره د یو کیس په Deal کولو باندی هغوی دس پندره هزار روپئ کم از کم اخلی نو زما په خیال باندې

په دې باندې د ډېر مضبوط چيک ضرورت دے او دا چې کوم 'احتسابی سيل' د صوبائی حکومت ماتحت جوړېږی نو هغې ته د يو دا خبره هم مخې ته کړلې شی چې خلق د انتقال په وخت کښې چې د خپلو زمکو قيمتونه ليکی نو عموماً هغه قيمتونه بو گس وی، هغه کم وی چې په هغې سره حکومتی خزانې ته کافی نقصان وی، لهذا د علاقې د رواياتو نه چې کوم کم قيمت لگيدلے وی نو په هغې باندې د مضبوط چيک وساتلے شی او نظر د وساتلے شی او ورسره ورسره په پبلک کښې د Awareness د پاره او د بيدارئ د پاره د هر پټوارخانې نه بهر يو بورډ آويزان کړلے شی چې په هغې دا خبره ليکلې وی چې سرکاری ډسټرکټ گورنمنټ فيس د انتقال هغه صرف او صرف چار فيصد دے، سيوائی هيڅ يو پټواری ته د هغې د اخستلو حق نه دے حاصل، نو په عوامو کښې به کم از کم په دې سره يو بيداری پيدا شی او چونکه په دغې محکمه کښې خو خرابئ ډېرې زياتې دی خو ماشاءالله زه چې د دې يو Energetic منسټر صاحب ته گورم نو ان شاءالله چې ښه پرعزم دے او زما په خيال ماته يو شعر را ياد يږی په تخيل کښې، وائی:

ے مورورته وئيل چې دا اوږدې سنې وړې کړه زويه
ده ورته وئيل چې دا فيشن ټوله دنيا خوښوی
مورورته وئيل چه دا کاږه بريتان واړه کړه زويه
د ورته وئيل چې په کږو به زه کاږه سموم

(قہقہے اور تالياں)

مولانا مفتی فضل غفور: زه د دغه شعر سره خپل کټ موشن واپس اخلم۔ ډېره ډېره مننه۔

جناب سپيکر: نوابزاده ولی محمد خان۔

نوابزاده ولی محمد خان: بسم الله الرحمن الرحيم۔ جناب سپيکر صاحب! يقيناً چې د دې محکمې کارکردگی خو درست نه ده خو د افسوس خبره دا ده چې زمونږ ځومره ايم پی ايز دی نو دوئ ورته ځان رسوی او هغوی ئے سفارشونه کوی او خپل کارونه هم په هغوی باندې کوی او دوئ بره ټول کسان رضا ساتی او پټواری ته ټول خلق هم محتاجه وی او ټول افسران پرې هم کارونه کوی ځکه چې ټولې مسئلې هغوی سره

وی، د خلقو د زمکې مسئله ده که د ډومیسائل مسئله ده، که چرته څومره منسټران دی، دا ټولې مسئلې د هغوی دی، که چیف منسټر دے که څه دے چې څومره پورې مطلب که تحصیلدار دے که ډی سی او دے، اسسټنټ کمشنر دے که څه دی، دا ټول انفارمیشن، دا چې څه خبرې دی دا ټول هغوی ته وائی چې بهئ دا اطلاع ګانې او دا هر څه تاسو کوئ، نو دغه غریبانان عوام ته وزګار نه وی او دوئ که پیسې نه اخلی نو دغه هم د دوئ مجبوری ده چې دوئ ته مطلب دا دے دغه اخراجات نه ملاویږی نو لهذا چې کوم د دوئ د پاسه افسران دی نو د دغې سدباب د اوشی چې یره مطلب دا دے دوئ ته دا اوشی چې بهئ چې دا پټواری چې کومې پیسې اخلی که چرته دے دې اطلاع ګانو له د چا نه اخلی یا که څه د وجه نه اخلی نو اصلی خبره دا ده چې د پاسه نه دوئ ته هدایات اوشی چې دا مطلب دا دے چې منع شی نو پټواری ان شاءالله تعالیٰ زه دا وایم چې دومره پیسې به یا کرپشن دے نه شی کولے۔ بقایا د کمپیوټرائزډ سسټم خبره ده نو پکار خو دا ده چې دا په یو پشاور کښې نه کیږی، دا په هر یو ضلع کښې اوشی او ټول نظام دې سره به ښه شی، چا ته به تکلیفات نه وی ولې چې که پټواریانو ته تکلیفات نه وی نو نورو خلقو ته به هم تکلیفات نه وی او د هغوی دا وخت به نه ضائع کیږی، نو که په دغه صورت باندې منسټر صاحب مونږ له د دې تسلی راکوی که نه وی نو زما خو دې ټول ایوان ته ولې چې دا عوامی مسئله ده بلکه دا ایوان د دې نه هم خلاف مطلب دا دے نه دے، دا هم په دیکښې دوئ راځی نو لهذا که منسټر یقین دهانی رانکړله نو په دې د بیا ووټنګ اوشی۔

<u>جناب سپیکر</u>: مسٹر محمد شیراز۔

<u>جناب محمد شیراز</u>: جناب سپیکر! میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ دور میں سب سے زیادہ جس محکمے میں اصلاح کی ضرورت ہے، وہ محکمہ مال ہے۔ جس طرح باقی اضلاع میں ریکارڈ کو کمپیوٹرائز کیا جارہا ہے اسی طرح صوابی میں بھی اس ریکارڈ کو کمپیوٹرائز کیا جائے۔ اگر وزیر مال مجھے یہ یقین دہانی کرادیں کہ اس میں صوابی کو بھی شامل کیا جائے گا تو میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: میڈم نگہت یاسمین اورکزئی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں ایک پوائنٹ آف آرڈر پر، یہ تو شکر ہے کہ میں نے کٹوتی کی تحریکیں دی ہوئی ہیں تو کم از کم جب تک اجلاس ختم نہیں ہوتا تو مجھے بولنے کا موقع متواتر ملتا رہے گا کیونکہ یہاں سے نام میرا کٹ نہیں سکتا۔ جناب سپیکر صاحب! میں اس مسئلے پر بات نہیں کرونگی، میں اپنے اسی پوائنٹ آف آرڈر کو یہاں پر لیکر آؤنگی کہ ہم یہاں پر گڈے گڈیوں کی شادیاں رچانے کیلئے نہیں آتے ہیں، ہم یہاں پر عوامی مسائل لیکر آتے ہیں اور اس کیلئے ہمیں ہر دن کسی نہ کسی بندے نے اٹھکر پوائنٹ آف آرڈر پہ بہت سیریس بات بھی کرنا ہوتی ہے کیونکہ ہمارے مسائل جو ہیں، ہمیں یہاں پر عوام نے بھیجا ہے کہ آپ ہمارے مسائل کی بات کریں اور اگر وہ کسی اور طریقے سے نہیں تو پوائنٹ آف آرڈر پر بات ہوگی اور جناب سپیکر صاحب! یہ ہماری جو اسمبلی کی روایات ہیں تو ان روایات کے مطابق میں صرف ، چونکہ آج چیف منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں تو میں ان کے نالج میں یہ بات لانا چاہتی ہوں کہ پارلیمانی پارٹی میں یہ فیصلہ کریں کہ آپ بھی انہی کی پارٹی کا ایک حصہ ہیں اور سپیکر ہیں تو یہاں پر روایات یہ ہوتی ہیں کہ جب کوئی ایم پی اے شہید ہو جاتا ہے تو اسی دن صرف اس کیلئے دعا ہوتی ہے اور ہاؤس Adjourn ہوجاتا ہے، اس میں پھر اور کوئی بزنس نہیں ہوتی لیکن ہمیں سمجھ نہیں آتی ہے کہ ہم اپنے Colleagues کیلئے اتنے بے حس کیوں ہوگئے ہیں کہ ہم ان کیلئے ہاؤس تک Adjourned نہیں کرپائے؟ پھر دوسری بات جناب سپیکر، یہاں پر یہ ہے کہ عمران خان شہید جو ہے، وہ آپ کے یہاں مردان سے اس کا تعلق تھا، شہید ہوا، اس کے ساتھ قیامت اس پورے گاؤں پر ٹوٹی اور وہاں پر ابھی تک ان کیلئے کسی قسم کا کوئی اعلان نہیں کیا گیا کہ ان کو یہاں اسمبلی کا جو ممبر ہے، اس کیلئے پہلی گورنمنٹ نے جو اقدامات اٹھائے تھے، وہ سی ایم صاحب گئے ہیں شاید انہوں نے بھی کوئی بات نہیں کی ہے جبکہ پہلے ایم پی ایز کیلئے ہوچکا ہے، جناب سپیکر صاحب! اس میں ہم چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ فوری طور پر اقدام کرے اور دوسری بات جو پورے صوبے کیلئے ہے کہ پہلے پانچ لاکھ روپے جو ہیں، کوئی بھی شہید ہو جاتا تھا یعنی سویلین میں تو ان کو پانچ لاکھ روپے ملتے تھے لیکن ابھی وہ آپ لوگوں نے گھٹا کر تین لاکھ روپے کر دیئے ہیں تو جناب سپیکر صاحب! پھر اس کو بھی ختم کر دیں، جن کے لوگ چلے جاتے ہیں تو وہ لوگ زندگی گزار لیتے ہیں، تو اس کو بھی پھر ختم کر دیں یا

اس کو وہی پانچ لاکھ روپے پہ رکھ دیں اور باقی رہ گئی پٹوار خانے کی بات تو اس پر میں سمجھتی ہوں کہ میرے تمام Colleagues نے اتنی زیادہ بات کرلی ہے کہ پٹواری، پٹوار خانہ جو ہے میرا خیال ہے کہ ہر پٹواری اپنے اپنے علاقے کا چیف منسٹر ہی ہے، ایم پی اے چیف منسٹر نہیں ہے، پٹواری اپنے اپنے علاقے کے چیف منسٹر ہیں اور جس حلقے میں وہ ہے وہاں پر اس کی اتنی زیادہ چلتی ہے کہ وہ تمام لوگوں کو بائی پاس کر دیتا ہے اور یہاں پر میں نے یہ بار بار بات سنی ہے کہ ہمارے تمام منسٹرز جو ہیں، وہ آج بھی بات کرتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ 90 دن میں ہم یہ تمام مسائل حل کر دیں گے۔ جناب سپیکر صاحب! 90 دن میں تو کچھ دن کم ہو گئے ہونگے تو آپ مہربانی کریں کہ اس 90 دن کو تھوڑا سا گھٹا کر یہ کہیں کہ ہم دو مہینے میں کر دیں گے، 60 دنوں میں کر دیں گے، 55 دنوں میں کر دیں گے کیونکہ یہ تو اجلاس چلتا رہے گا اور آخر تک یہ کہتے رہیں گے کہ 90 دن، 90 دن، تو جناب سپیکر! اس پر ہم نے بہت Effort کی کیونکہ محکمہ مال کا مطلب کیا ہے؟ مال، تو مال کا مطلب یہ ہے کہ تمام لوگ اس میں مال بناتے ہیں اور یہ نیچے سے لیکر، یعنی انہوں نے اپنے منشی رکھے ہوئے ہیں اور منشی سے لیکر اوپر تک یہ پیسے جاتے ہیں، حالانکہ یہ دس سال، یہ گیارہواں سال ہے الحمدللہ اس اسمبلی میں میرا، کبھی پٹواری اور تحصیلدار اور ان لوگوں کیلئے، یہاں پر ہاؤس میں اگر پہلے منسٹر تھے تو وہ بھی یہ بتا سکتے ہیں، کبھی گئی نہیں ہوں لیکن بات یہ ہے کہ یہاں پر ان کی پوسٹنگز کیلئے ڈیڑھ ڈیڑھ کروڑ روپے، ایک بندہ کہتا ہے کہ مجھے جی یہ One ٹکڑا دیدیں اور دوسرا کہتا کہ مجھے Two ٹکڑا، دو ٹکڑا دیدیں، اس میں پیسے زیادہ ہیں تو جناب سپیکر! یہ پٹواریوں کی صوابدید پر نہیں ہونا چاہیئے، یہ منسٹر کی صوابدید پر ہونا چاہیئے کہ وہ اس کو کونسی جگہ، کیونکہ وہ گورنمنٹ کے ملازم ہیں تاکہ وہ وہیں پر بیٹھیں اور اپنا کام ایمانداری سے کریں۔ اگر یہ یقین دہانی آجاتی ہے اور باقی رہ گیا کمپیوٹر سسٹم، سر، اس پر ذرا سا کہیں پہ ایک Error آجائے تو وہ سارا کچھ اڑ جائے گا، ہر بندہ بے زمین ہو جائے گا، کسی کے پاس اگر دو فٹ زمین بھی ہوگی۔ تو اس کیلئے یہ ہے، اگر یقین دہانی کرائیں گے تو اس کو میں واپس لے لونگی، اپنی کٹوتی کی تحریک کو Otherwise میرا تو جی چاہ رہا تھا کہ پورا بجٹ ہی اس میں لکھ دیتی کہ اتنے کروڑ روپے اتنے ارب روپے اس میں سے کاٹ لیے جائیں۔ تھینک یو جی۔

Mr. Speaker: Honourable Minister, please.

جناب علی امین خان (وزیر مال): بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ شکریہ جناب سپیکر۔

میں تمام معزز اراکین اسمبلی کے تحفظات کو سننے کے بعد اس حوالے سے اور جن لوگوں نے اپنی کٹ موشنز واپس لے لی ہیں، ان کا شکر گزار ہوں اور جنہوں نے اچھے اچھے مشورے دیئے ہیں، ان شاءاللہ ان پر عمل بھی ہوگا۔ باقی جہاں تک ریونیو ڈیپارٹمنٹ کا مسئلہ پیچھے سے آرہا ہے، آپ کو معلوم ہے کہ اس میں بہت سے مسائل جو آپ نے خود اجاگر کئے ہیں، کچھ مسئلے ایسے ہیں جو آپ نے اجاگر نہیں کئے لیکن دل میں سب کو معلوم ہے کہ پٹواری کو بادشاہ بنانے والا کون ہے؟ پٹواری کو بادشاہ بنانے والے ہم لوگ ہی ہوتے ہیں، اس کی بادشاہت کو ختم نہیں کرتے لیکن نعرے مارتے ہیں اخباروں میں اور ٹی وی پر اور چینلوں پر کہ جی پٹواری کلچر ختم کیا جائے۔ پنجاب میں 1988 سے اب تک اربوں روپے لگ چکے ہیں اس چیز کے اوپر لیکن وہاں پر بھی یہ چیز ناکام ہوئی ہے، ان شاءاللہ ہم آپ کو یقین دلاتے ہیں اس بات کا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت میں یہ اتنا کوئی انہونا کام نہیں ہے، Impossible نہیں ہے، یہ ان شاءاللہ، ہم ہمیشہ ٹاسک لیتے ہیں اور ان کو پورا کرتے ہیں، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان شاءاللہ یہ کمپیوٹرائزڈ نظام ان شاءاللہ اسی گورنمنٹ میں ہی ہوگا اور آپ سے بھی وعدہ کرتا ہوں کہ آپ کو 89 دنوں میں، 90 دنوں میں نہیں 89 دنوں میں، (تالیاں) جو ٹکڑا One، Two، Three جس کی بہت شکایات آرہی ہیں، جن موضعوں کی بہت شکایت آرہی ہے اور کروڑوں روپے کی باتیں ہوتی ہیں، اس کے بارے میں پہلے پہلے ان شاءاللہ وہ 30 موضعوں میں آپ کو 89 Days کے اندر کمپیوٹرائزڈ کر کے دونگا تاکہ یہ جو رشوت کا بازار گرم ہے جن بڑے بڑے موضعوں میں، وہاں پر پہلے پہلے سٹارٹ لیا جارہا ہے۔ اس کے علاوہ سات اضلاع میں ان شاءاللہ یہ کام شروع ہونا ہے جس میں ایبٹ آباد، مردان، بونیر، پشاور، کوہاٹ، بنوں اور ڈی آئی خان شامل ہیں۔ اس کے علاوہ سی ایم صاحب کے احکامات کے اوپر ہم باقی ضلعوں میں بھی ان شاءاللہ اس کو شروع کریں گے اور اس کے ساتھ ساتھ چارسدہ میں UN - Habitat کے تعاون سے یہ کام شروع ہے، کافی حد تک ہو بھی چکا ہے، اس پر سرکار کا کوئی ایک روپیہ بھی نہیں لگا، اب تک اس کو UN - Habitat والے کر رہے ہیں ان شاءاللہ اور اس میں بھی کافی کام ہو چکا ہے اور ان شاءاللہ کافی امید ہے، آپ لوگ اگر دیکھنا

چاہتے ہیں کام کی نوعیت کو تو آپ بالکل آئیں، ہم آپ کو Presentationدیں گے، جو ہمارے ساتھ کام کر رہی ہیں کمپنیز، ان سے آپ بریفنگ لے سکتے ہیں۔ Monday کو میرے آفس میں ایک بریفنگ ہے اس حوالے سے، آپ آسکتے ہیں You are most welcome، مشورہ دیں ہمیں، آپ کے مشورے کے ساتھ چل کر ہم ختم کریں گے ان کو اور ان شاءاللہ اس کے علاوہ جو Settlement کی بات ہو رہی ہے، ایبٹ آباد میں اس میں جتنی بھی تعیناتی ہوئی تھی Surveyors کی، وہ سارے آرڈرز کینسل ہو چکے ہیں اور جہاں تک ابھی کمپیوٹرائزڈ نظام کا تعلق ہے، اس میں تھوڑا ٹائم لگے گا، آپ سب کو معلوم ہے کیونکہ یہ بہت ٹیکنیکل ہے اور تھوڑی سی غلطی بھی اس میں بہت بڑا نقصان دے سکتی ہے، اس کیلئے شروع میں اس کو مکمل ہونے تک ہم لوگ اس پٹواری کلچر سے خاتمے کیلئے ایک ایسا نظام بنا رہے ہیں جس کے اندر آپ کو پٹواری کو پیسے نہیں دینا پڑیں گے، آپ کو بینک میں چالان جمع کرانا پڑے گا۔ اس کے علاوہ جو بھی انتقال ہوگا، اس کا ایک فارم ہوگا جو کہ پٹواری سے لیکر کمشنر تک Signed ہوگا اور ویب سائٹ پر بھی وہ آئے گا آپ کے پاس، آپ چیک کر سکتے ہیں اس کو اور خدانخواستہ اس میں اگر کوئی غلطی آتی ہے تو اس میں پٹواری کو نہیں نکالا جائے گا، اوپر والے افسر کو نکالا جائے گا کیونکہ آپ سب کو یہ معلوم ہے کہ پٹواری اگر کھاتا ہے تو کسی کیلئے کھاتا ہے، کسی کو کھلاتا بھی ہے ساتھ، تو میں اس میں زیادہ ڈیٹیل میں نہیں جاؤنگا، آپ سب شکر ہے ماشاءاللہ کافی سمجھدار ہیں اس معاملے میں، لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں اس بات کا کہ پٹواری کلچر کا خاتمہ ہم ہی کریں گے کیونکہ اب تک اس کلچر کا خاتمہ اس لئے نہیں ہوا کہ جو بھی اس کا خاتمہ کرے گا، اس کی جیب خالی ہو جائے گی، تو ہماری جیبیں شکر ہے پہلے سے بھری ہوئی ہیں، میں اس فلور پر آپ کے ساتھ وعدہ کرتا ہوں کہ آپ سب جتنے بھی ممبر بیٹھے ہیں، آپ لائیں کہ جو بندہ کرپشن کر رہا ہے، ثبوت ساتھ لائیں اور ثبوت لانے کے بعد اگر ہم اس کو نہیں نکالتے تو پھر سمجھ جائیں کہ ہم کرپٹ ہیں۔ اگر ہم عمل کرتے ہیں تو اس کے بعد ان شاءاللہ ہمیں ایک موقع دیں، ابھی ہم نئے نئے یہاں پر آئے ہیں، ان شاءاللہ ایک جنون کے ساتھ آئے ہیں، بڑا اعتماد ہمارے اوپر کیا گیا ہے، یقین دلاتے ہیں آپ کو ان شاءاللہ کہ یہ نظام بالکل ٹھیک ہو جائے گا اور اس سے پہلے ہی آپ کو ان شاءاللہ ہم ایسے اقدامات کر لیں گے کہ کنٹرول ہو جائے گا بہت زیادہ۔ باقی جو تحفظات آپ کے ہیں، ان شاءاللہ مزید جب رابطے میں ہمارے ساتھ رہیں، ہم کلئیر کریں گے ان شاءاللہ ان کو اور یہ ہمارے سی ایم صاحب کی ہدایت پر بورڈ آف ریونیو کے

سیکرٹری کی نگرانی میں ایک Complaint Cell بھی قائم گیا ہے اس کا یہ نمبر ہے_9210553، یہ اپنے حلقوں میں آپ دے سکتے ہیں اور اس کے علاوہ آپ کے حلقوں کیلئے ضلعوں میں بھی ہمارا جو AC ہے، وہ اس شکایت سیل کا انچارج ہم نے مقرر کر کے، وہاں پر بھی ہم کام کر رہے ہیں، آپ سب لوگوں کے تحفظات، اور بھاشا ڈیم کے حوالے سے جو بات ہے، اس میں جو رقم رکھی گئی ہے، وہ دیامیر اور چیلاس کی زمین کے ریٹ کے مطابق رکھی گئی ہے اور اس کے علاوہ پٹواری کے اس نظام کو ختم کرنے کیلئے یہ کل ہی ہماری میٹنگ ہوئی ہے اس پر، اور ہم ایک Revaluation of land کر رہے کیونکہ ہماری زمینوں کے جو ریٹس ہیں، وہ بہت غلط لکھے ہوئے ہیں اور اس کی وجہ سے سرکار کو ٹیکس بہت کم آرہا ہے تو ان شاءاللہ اس کیلئے اگلے مہینے ہم ٹینڈر دے رہے ہیں، کمپنیاں آرہی ہیں، وہ اس ساری زمین کے ریٹ کو دوبارہ Revaluate کریں گی اور اس کے بعد ان شاءاللہ ایک تو ہمارا ریونیو بھی جنریٹ ہوگا اس سے اور یہ جو پٹواری کلچر میں آپ سے ریٹوں کی وجہ سے رشوت لی جاتی ہے، وہ ختم ہو جائے گی۔ میری گزارش ہے آپ سے کہ ان شاءاللہ ہر قسم کے، جس طرح بھی اقدامات ہونگے، آپ ہمارے ساتھ چلیں گے، اس میں آپ کے مشورے پر عمل کیا جائے گا اور آپ اپنی کٹ موشنز واپس لیکر ہمیں کام کرنے کا موقع دیں، ان شاءاللہ ہم آپ کی امیدوں پر پورا اتریں گے، ان شاءاللہ۔ شکریہ۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر</u>: ارباب اکبر حیات صاحب! آپ نے وہ-----

<u>ارباب اکبر حیات</u>: واپس مې واخستو سپیکر صاحب۔

<u>جناب سپیکر</u>: مہربانی۔ آمنہ سردار۔

<u>محترمہ آمنہ سردار</u>: جی جناب سپیکر، میں واپس لیتی ہوں اپنی کٹ موشن۔

<u>جناب سپیکر</u>: مہربانی۔ محمد رشاد خان۔

<u>جناب محمد رشاد خان</u>: میں Withdraw کرتا ہوں سر۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: Withdrawn۔سید جعفر شاہ صاحب۔

جناب جعفر شاہ: واپس لیتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: Withdrawn۔نوابزادہ ولی محمد خان۔

نوابزادہ ولی محمد خان: واپس لے رہا ہوں جی۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Withdrawn. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 6, therefore, the question - - - - -

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر۔

Mr. Speaker: Oh sorry, sorry.

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! آپ اکثر خواتین ممبرز کو بھول جاتے ہیں سر، ہم لوگ خواتین ہیں، پہلے سراج الحق صاحب نے ہمارے لئے الگ اسمبلی کی بات کر لی-----

جناب سپیکر: آپ نے کہا تھا، آپ نے کہا تھا کہ میں مشروط طور پر واپس لیتی ہوں۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جی، لیکن جناب سپیکر! یہ ہے کہ پہلے سراج الحق صاحب نے الگ اسمبلی کی بات کر لی اور پھر اسکے بعد ابھی خواتین کو بھولنا، تو دیکھیں نا وہ کہتے ہیں، عورتیں جو ہیں، علامہ اقبال صاحب نے کہا ہے کہ ان سے تو کائنات میں رنگ ہوتا ہے جی، عورتوں کی اگر نمائندگی نہ ہو، عورت بات نہ کرے، بولے نہیں، بہرحال میں واپس لیتی ہوں جی۔

Mr. Speaker: Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 6, therefore, the question before the House is that Demand No. 6 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

(Applause)

جناب مظفر سید: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جناب مظفر سید صاحب۔

Mr. Muzaffar Said: Thank you, Janab Speaker. I want to move a resolution with the regard to proceeded load shedding by the NPCC, Islamabad, for which rule 124 may be suspended under rule 240 of the Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Thank you, Sir.

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that rule 124 may be relaxed under rule 240, to allow the honorable Member to move his resolution.

Basically یہ ریزولیوشن آئی ہے، انہوں نے کہا ہے کہ NPCC مسلسل اسلام آباد سے بجلی بندکر رہا ہے اور جو یہاں پیسکو بھی بندکرر ہا ہے تو تقریباً20 سے لیکر 22 گھنٹے تک پہنچ جاتی ہے تو اس لئے قرارداد Move کی ہے۔ہم نے پارلیمانی لیڈرز سے ریکویسٹ بھی کی تھی، اکبر حیات صاحب سے بھی بات ہوئی ہے تو میرا خیال ہے کہ اس کے حوالے سے یہ کہتے ہیں کہ ایک جوائنٹ قرارداد آجائے اسمبلی کی، (شور) دیکھیں میں ایک بات بتاؤں جی، محمد علی شاہ صاحب، محمد علی شاہ صاحب۔

سید محمد علی شاہ: جناب سپیکر صاحب! کہ جوائنټ قرارداد راولی نو اپوزیشن به هم شی او ټریژری بنچز به هم شی نو یو ښه میسج به لاړ شی ټولو ته جی، جوائنټ قرارداد باندي-

(تالیاں)

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔جناب اسرار اللہ گنڈاپور، پلیز۔

